فلم اینڈ پبلسٹی ڈویژن کا تیار کردہ

अलबेली

میوزک: راوی

البیلی

ستارے
گیتا بالی . پردیپ کمار .
جانی واکر وغیرہ وغیرہ

ناشر
رحمٰن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

البیلی کے گانے

گانا نمبر ۱

چھوڑ بابل کا گھر گئی پی کے نگر
آ گئے پاؤں مگر لوٹ آنا پڑا
کہہ رہی ہے نظر دل میں دنیا کا ڈر
پھر بھی دل تھام کر گیت گانا پڑا

کبھی کسی سے دل نہ لگانا ۔ پیار کے چکر میں نہ آنا
ہم کو پڑا ہے پچھتانا دیکھو جی دیکھو ہم کو
ہائے محبت ہائے زمانہ نئی مصیبت عشق پرانا
ہم کو پڑا ہے.....

اُن کی محفل میں پہنچے تھے اپنے دل کو سمجھاتے
لوٹ کے آئے شرماتے گھبراتے جان بچاتے
کیسا ہے محبت ہم نے جانا
اب نہ سنیں گے اُن کا گانا ——— ہم کو پڑا ہے...

ساجن کی مورت نہ دیکھی دیکھے دن میں تارے
نین ملانے کہیں نہ جیو رہیو اپنے دوارے
ورنہ پڑیگا ٹھوکر کھانا یاد آئیگا نانی نانا
ہم کو پڑا ہے....

گانا نمبر ۲

بسنت ملار

تجھے آنا پڑیگا
کھینچ لائے گی دل کی پکار گوری تجھے آنا پڑیگا

میرے گیتوں سے ہے تجھ کو پیار — گوری...
جب تو نہ آئے تو پھر میں نہ بولوں
نہ میں کروں توسے پیار
پھر جو تو آئیگی مجھ کو منانے
نخرے کرونگا ہزار جیا سے بتیاں پھیرے بار بار
گوری تجھے آنا پڑیگا
گیتوں کی دھن پہ ڈولے گا منوا
ہوگا جیا بے قرار
نینا جھکا کے گھونگھٹا چھپا کے آئے گی تو میرے دوار
دیکھ لینا تیری ہوگی ہار
گوری تجھے آنا پڑیگا

گانا نمبر ۳

تم سنگ لاگی بلم موری انکھیاں
لاگی موری انکھیاں بلم توسے انکھیاں
او تجھے کیسے بتاؤں بلم
تیری یادوں میں تیری قسم
تو نے جانی نہ سجن میرے منوا کی بتیاں
تم سنگ...
او تیرے گیتوں نے جادو کیا
سن سن کے مورا ڈولے جیا
موہے نیند یا نہ آئے پیا ساری ساری رتیاں
تم سنگ...

گانا نمبر ۴

مسکراتی ہوئی چاندنی جگمگاتا ہوا آسماں
لے چلے ہو مجھے تم کہاں
وہ محبت بھرے دل جہاں کہہ سکیں پیار کی داستاں
ہم تمہیں لے چلے ہیں وہاں
مسکراتی ہوئی...

کہہ رہی ہے نظر پیار کے
بیت جائیں نہ دن یہ بہار کے
سنساتی ہواؤں کے گیت نے تار چھیڑے ہیں دل کے ستار کے
یہ سہانا سماں ہیں امنگیں جواں
پھر کھلے کیوں نہ دل کی زباں
مسکراتی ہوئی.....

آج کیسی سہانی یہ رات ہے
زندگی میں نئی ایک بات ہے
ان ستاروں کی رنگین چھاؤں میں
دو دلوں کا انوکھا یہ ساتھ ہے
ہم تمہارے ہوئے تم ہمارے ہوئے
پیار کا مسکرایا جہاں
مسکراتی ہوئی...

گانا نمبر ۵

جا جا رے چندا تیری چاندنی جلائے
بابل کی میرا جیا تڑپائے

رات سہانی ہے یہ دن ہیں بہار کے
بیٹھے میں بیٹھا ہوں میں ہائے من مار کے
ساجن بن یہ بیاکل منوا
اک پل چین نہ پائے
جا جا رے چندا...
دیکھو بلم موری پریت نہ جانے
لاکھ مناؤں بیری ایک نہ مانے
جس کے لئے میں نے سارا جگ چھوڑا
وہی مجھے ٹھکرائے

گانا نمبر ۶

ہیمنت کمار

ہم تو پی کے چلے
اب تو اپنی بلا سے دنیا جلے — ہم تو...
یہ جام محبت پئے نہ پئے — ہم تو...
تمنا نہیں کوئی آرزو نہیں کوئی
نہیں کوئی غم تنہا ہے جیئے یا مرے کوئی
یہی ہے کہ بس تھوڑی کلی پھر ملے — ہم تو...
یہ مانا زمانے کے قابل نہیں ہوں میں
نشے میں تو ہوں لیکن غافل نہیں ہوں میں
یہ پھر ہم سے دنیا کیوں بچ کے چلے — ہم تو...
ہے ساقی نہیں کوئی ہے محفل نہیں کوئی
عجب یہ سفر جس کی منزل نہیں کوئی
چلے ہیں جدھر یہ قدم لے چلے — ہم تو...

گانا نمبر

او بلما کیوں نہ کروں میں تو سے پیار پیار پیار
میں تو پریم دیوانی او پریم دیوانی
او سیّاں کیوں نہ دیکھوں میں تو پے بار بار بار
تو سے پریت نبھائی او پریت پرائی او بلما
دل کی تمنائیں گیتوں میں کھوئی رہے
پھولوں کی آرزو میں کانٹوں پہ سوئی رہے
تیرے لئے سیّاں تمنائیں روتی رہے
پھر بھی ہوئیں نہ آنکھیں چار
میں تو پریم ....
ہو چکی تمہاری میں تو مجھے پہچان لو
کیا میری آرزو ہے نظروں سے جان لو
میں بے قصور پیا بات میری مان لو
ورنہ جی رو دوں گی زار زار
میں تو پریم ....

(ختم شد)

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گویوں کا گورو

یہ ۵۰۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چیدہ چیدہ گانے چھاپے گئے ہیں۔ جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کامنی کوشل، نرگس، ثریا، گیتا بالی، مینا، نمی، ریحانہ، وجنتی مالا، اوشا کرن، نروپا رائے، شکیلہ، بینا رائے، بشیا بالا اور راشوک کمار، دلیپ کمار، دیوآنند، کشور کمار، پردیپ کمار، راج کپور، شمی کپور، بھارت بھوشن، ادم وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔

قیمت صرف ۱۰۔۱ نئے محصولڈاک معاف

عشرت شباب

یہ لاجواب کتاب جسے دہلی کے مشہور حکیم اجمل خاں صاحب کے والد بزرگوار حکیم محمود خاں صاحب نے نوجوانوں پر رحم فرما کر تصنیف کی ہے جن نے اس کتاب کا ایک حرف بھی بغور پڑھا دل و جان سے اسکا والا و شیدا بنگیا۔ اس کتاب میں حکیم صاحب نے اپنے تمام عمر کا تجربہ بغیر کسی بخل کے درج کر دیا ہے۔ نوجوانوں کیلئے مستورات کے بارے میں وہ وہ معلومات و ہدایات درج فرمائی ہیں جنہیں یہاں لکھنے کی قانون اجازت نہیں دیتا۔

قیمت صرف ۱۰۔۱ نئے محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی